Bærum کے بارنے ہاگر کے بارے میں معلومات

بلدیاتی بارنے ہاگر اور پرائیویٹ بارنے ہاگر

بلدیہ Bærum میں بلدیاتی بارنے ہاگر بھی ہیں اور پرائیویٹ بارنے ہاگر بھی ہیں۔ ان میں داخلے کے اصول مختلف ہیں۔ اس بارے میں معلومات آپ کو بارنے ہاگے کے ضوابط میں ملیں گی۔

پرائیویٹ فیملی بارنے ہاگر

فیملی بارنے ہاگے کی پیشکش ننھے بچوں کیلئے ہے اور یہ پیشکش پرائیویٹ گھر میں ملتی ہے۔

اوپن بارنے ہاگر

اوپن بارنے ہاگر مختصر وقت کی مفت پیشکش ہیں جہاں بچوں کے ساتھ والدین یا دوسرے سنبھالنے والے لوگ موجود رہتے ہیں۔

بارنے ہاگر کھلنے کے اوقات

اکثر بارنے ہاگر ہفتے کے پانچ دن 07.30 سے 17.00بجے تک کھلے ہوتے ہیں۔

عوامی تعطیلات اور منصوبہ بندی کے دنوں میں (سال میں پانچ دن) بارنے ہاگر بند ہوتے ہیں۔ کئی بارنے ہاگر گرمیوں کی تعطیلات کے تین ہفتوں میں بھی بند ہوتے ہیں۔



بارنے ہاگے – یہ کیا ہے؟

گھر کے ساتھ باہمی تعاون اور افہام و تفہیم کے ذریعے بارنے ہاگے بچوں کی دیکھ بھال اور کھیل کی ضروریات پوری کرے گا اور ایسی تحصیل علم کو فروغ دے گا جو ہمہ جہتی نشوونما کی بنیاد ہو۔

بچوں کو بارنے ہاگے کیوں جانا چاہیئے؟

- دوسرے بچوں اور بڑوں کے ساتھ تعلق
- کھیل اور دوسری سرگرمیوں کے ذریعے سیکھنا
- ناروے میں پائی جانے والی مختلف تہذیبوں سے واقف ہونا
- نارویجن زبان سیکھنا
- ہم عمروں کے ساتھ دوستی

مادری زبان

گھر میں مادری زبان استعمال کرنا اہم ہے کیونکہ یہ دوسری زبانوں میں اچھی صلاحیتوں کی بنیاد ہے۔ اپنے بچے کے ساتھ روزمرہ بات چیت، گانوں، نظموں، گیتوں، کہانیوں اور کتابوں پر وقت لگا کر اس کی مادری زبان کو تقویت دیں۔

بارنے ہاگے میں کیا ہوتا ہے

بارنے ہاگے میں بچہ ان موضوعات سے واقفیت حاصل کرے گا:

- بات چیت، زبان اور تحریر
- جسم، حرکت اور صحت
- آرٹ، ثقافت اور تخلیقی صلاحیت
- فطرت، ماحول اور ٹیکنیک
- اخلاقیات، مذہب اور فلسفہ
- قریبی ماحول اور معاشرہ
- تعداد، گنجائش اور شکل

شروع کا دور

بارنے ہاگے میں پہلے چند دنوں میں والدین میں سے ایک کو موجود رہنا ہو گا تاکہ بچہ اعتماد کے ساتھ مانوس ہو سکے۔

بارنے ہاگے کا دن

بارنے ہاگے میں بچے ناشتہ، دوپہر کا کھانا اور سہ پہر کا کھانا کھاتے ہیں۔ کچھ کھانے گھر سے ساتھ لائے جاتے ہیں جبکہ کچھ کھانے بارنے ہاگے پیش کرتا ہے۔

بارنے ہاگے کے دن کے دوران بچے عمارت کے اندر بھی کچھ سرگرمیاں کرتے ہیں اور باہر بھی۔ باہر کی سرگرمیوں سے لطف اندوز ہونے کیلئے ضروری ہے کہ بچوں کا لباس موسم کے لحاظ سے درست ہو تاکہ انہیں سردی یا گرمی نہ لگے۔

ننھے بچے بارنے ہاگے میں سوتے ہیں، اکثر کھلی جگہ میں اپنی پرام میں۔

عملی معلومات

آپ سال کے دوران کسی بھی وقت بارنے ہاگے میں داخلے کی درخواست دے سکتے ہیں۔ بچے کو اگست سے داخل کروانے کیلئے ضروری ہے کہ آپ یکم مارچ تک درخواست دے دیں۔

اگر آپ کو درخواست دینے کیلئے مدد کی ضرورت ہے تو Sandvika میں Veiledningstorget i Kommunegården سے رابطہ کریں۔ یا بارنے ہاگے یا ہیلتھ سٹیشن سے رابطہ کریں۔

بارنے ہاگے کی زیادہ سے زیادہ فیس سب بارنے ہاگر میں برابر ہوتی ہے۔ ایک سے زیادہ بچوں کے بارنے ہاگے جانے کی صورت میں اور مالی بنیاد پر فیس میں رعایت کی درخواست دینا ممکن ہے۔ بارنے ہاگے میں کھانے کیلئے الگ سے ادائیگی کی جاتی ہے۔

Bærum میں بارنے ہاگر کے بارے میں مزید معلومات اور الیکٹرانک درخواست فارم آپ کو یہاں ملے گا:

www.baerum.kommune.no/barnehager

اگر آپ داخلے یا فیس کے سلسلے میں کوئی سوال پوچھنا چاہیں تو آپ فون نمبر 50 40 50 67 پر Veiledningstorget سے رابطہ کر سکتے ہیں۔